# 22-06-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ مودی حکومت نے گزشتہ 11 سالوں میں تلنگانہ کو 11 لاکھ کروڑ دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت تلنگانہ ریاست کی ترقی میں اہم رول ادا کررہی ہے۔

۲۔ریاستی وزیر امکنہ ، ہاؤزنگ ، اطلاعات وشہری امور پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ ریاست میں اگلے ساڑھے تین برسوں میں 20 لاکھ مکانات تعمیر کرکے استفادہ کنندگان کے حوالے کئے جائیں گے۔

۳۔سابق وزیر اور بی آر ایس ایم ایل اے ہریش راؤ نے کہا کہ ریاست میں دیہاتوں اور پنچایت سکریٹریوں کی حالت افسوسناک ہوچکی ہے۔

۴۔محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آج سے پانچ دن تک ریاست میں بارش کا امکان ہے۔محکمہ کی جانب سے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

## BC RESERVATION

بی آر ایس ایم ایل سی کویتا نے ریاست میں بی سیز کو 42 فیصد ریزرویشن عمل میں لانے کا مطالبہ کیا۔کویتا نے ریزرویشن کے تحت جاری جدوجہد کی حمایت کرنے کی مانگ کرتے ہوئے راجیہ سبھا رکن آر کرشنیا سے ملاقات کی۔انہوں نے بی سی ریزروشن پر عمل آوری کے بعد ہی مجالس مقامی کے انتخابات کرانے کا مطالبہ کیا ۔کویتا نے بتایا کہ ریزرویشن پر عمل آوری کا مطالبہ کرتے ہوئے ریل روکو احتجاج کیا جائے گا۔

## Pension

ریاستی حکومت نے سکیل سیل، تھیلیسیمیا اور گردے سے متعلق امراض میں مبتلا مزید چند مریضوں کو پنشن کی منظوری دی ہے جن کا باقاعدگی سے ڈائیلاسس ہورہا ہے۔واضح رہے کہ ریاست میں نئے طور پر 4 ہزار 21 مریضوں کو ماہانہ 2 ہزار 16 روپے ادا کئے جائیں گے۔ بتایا جاتا ہے کہ حیدرآباد ضلع میں 848،ضلع رنگا ریڈی میں 685، میڑچل ضلع میں 705 اور وقارآباد ضلع میں 181 سمیت جملہ 2 ہزار 419 مریض اس سے استفادہ حاصل کریں گے۔واضح رہے کہ ریاست میں اس سے متعلق جملہ 8 ہزار 32 مریض موجود ہیں۔

## Jurala Project

جورالا پروجیکٹ میں سیلاب کے پانی میں اضافہ ہورہاہے جس کی وجہ سے حکام نے 3 گیٹ اٹھا کرنشیبی علاقوں میں پانی چھوڑ رہے ہیں۔ پروجیکٹ کے تحت انفلو 50 ہزار کیوسک اور آوٹ فلو 52 ہزار 346 کیوسک ہے۔ پروجیکٹ کی مکمل پانی کی سطح 318.516 میٹر ہے جبکہ پانی کی موجودہ سطح 318.130 میٹر ہے۔

## BC Commission

بی سی کمیشن نے ایک بار پھر سرکاری محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سرکاری محکموں اور مختلف کارپوریشنوں میں کام کرنے والے بی سی ملازمین کی تفصیلات فراہم کریں۔ جنوری میں جب اس سلسلے میں ایک مکتوب لکھا گیا تو کمیشن کو معلوم ہوا کہ صرف چند محکموں نے تفصیلات فراہم کی ہیں اور وہ بھی اس کی درخواست کردہ فارمیٹ میں نہیں تھیں۔ اس کے ساتھ کمیشن نے سرکاری محکموں کو 25 جون تک جامع تفصیلات پیش کرنے کے احکامات جاری کئے۔ بی سی کمیشن نے سرکاری محکموں سے بی سی ملازمین کی جملہ تعداد، بی سی کے منظور شدہ عہدوں کی تفصیلات، ان میں مخلوعہ جائیدادوں کی تفصیلات اور بی سی تحفظات پر عمل آوری جیسی تفصیلات فراہم کرنے کو کہا ہے۔

## Rythu Bharosa

ریاستی وزیر زراعت تو ملا نا گیشور راؤ نے انکشاف کیا کہ حیدرآباد آؤٹر رنگ روڈ کے اندر 2.13 لاکھ ایکڑ اراضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میں سے 93 ہزار ایکڑ رئیل اسٹیٹ وینچرس اور اراضیات ہیں جو کاشت کے لیے موزوں نہیں ہیں، اس لئے ان کے لئے رعیّتو بھروسہ اسکیم روک دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رعیّتو بھروسہ اسکیم کا اطلاق بقیہ 1.20 لاکھ ایکڑ اراضی پر کیا جائے گا۔ ریاستی وزیر نے واضح کیا کہ رعیّتو بھروسہ اسکیم صرف کاشت شدہ اراضیات پر لاگو ہے۔

## Weather

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آج سے پانچ دن تک ریاست میں بارش کا امکان ہے۔ محکمہ کی جانب سے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ عادل آباد، آصف آباد، منچریال، پداپلی، بھوپالا پلی، ملگ، مشترکہ کھمم ضلع، مشترکہ نلگنڈہ ضلع، رنگاریڈی، حیدرآباد اور محبوب آباد اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہوگی۔ باقی اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

Dist Reviews

ضلع انچارج وزیر تو ملا نا گیشور راؤ نے کہا کہ مشترکہ کریم نگر ضلع کی جامع ترقی کے مقصد سے بہت سے پروگراموں کو وسیع پیمانے پر نافذ کیا جارہا ہے۔ آج کلکٹریٹ میں منعقدہ ایک جائزہ میٹنگ میں انہوں نے مختلف محکموں کی کارکردگی اور سرکاری اسکیموں پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، ادویات اور زراعت جیسے اہم شعبے ان کی حکومت کی ترجیحات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس وقت پچھلی حکومت کی انتشار پسند طرز حکمرانی کو درست کر رہے ہیں اور اس کے لئے انہوں نے عوامی نمائندوں، عہدیداروں اور عوام سے تعاون طلب کیا۔ اس ضلعی جائزہ میٹنگ میں ریاستی وزراء سریدھر بابو، پونم پربھاکر اور مشترکہ کریم نگر ضلع کے عوامی نمائندوں نے حصہ لیا۔

Bhadradri Kothagudem Dist.

مٹی سے بنی اینٹوں کا استعمال کر کے ماحول کو بچانے کے مقصد کے ساتھ، بھدرادی کوتہ گوڑم کے ضلع کلکٹر جتیش وی پاٹل نے کوتہ گوڑم کے پرگتی میدان میں سنڈے برکس چیلنج کے نام سے پروگرام کا آغاز کیا۔ اس میں بہت سے شائقین نے جوش وخروش سے حصہ لیا اور مٹی سے اینٹیں بنائیں۔ سنڈے برکس چیلنج میں، انہیں سب سے پہلے بنگلور کے ایک ماہر نے مٹی کی اینٹیں بنانے کے بارے میں تربیت دی تھی۔ انہوں نے آل انڈیا ریڈیو کو اس پروگرام کی تفصیلات بتائی۔

Sound Byte.

Polam Bata

میدک کے ضلع کلکٹر راہول راج نے کہا کہ کسان ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود کے لئے سخت محنت کر رہی ہے۔ انہوں نے ٹیک مال منڈل کے یلم پلی ٹانڈا کے کسان وٹل کے کپاس کے کھیت میں گھاس کاٹنے کے عمل میں حصہ لیا۔ بعد میں انہوں نے ہل بھی چلایا۔ اس موقع پر کلکٹر نے کسانوں سے زرعی شعبہ کے تحت سرکاری فلاحی اسکیموں کی عمل آوری کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

CANCER CARE

معروف آنکولوجسٹ ڈاکٹر نووری دتاتریوڑو نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کے جوبلی ہلز پر واقع انکے مکان پر ملاقات کی۔اس موقع پر انہوں نے تعلیم اور طب شعبے میں حکومت کی جانب سے لی جارہی دلچسپی کی ستائش کی ۔ڈاکٹر دتاتریوڑو نے چیف منسٹر کو بتایا کہ وہ کینسر کے سسٹم کی ترقی کیلئے ریاستی حکومت کا سبھی طرح سے تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں۔اس موقع پر چیف منسٹر نے ایک مومنٹو دے کران کی تہنیت پیش کی۔

Yadadri Bhuvanagiri

یدادری بھونگیر ضلع کے ایڈیشنل کلکٹر ویرا ریڈی نے کہا کہ یدادری بھونگیر ضلع کے دیہاتوں میں منعقدہ 18 روزہ بھو بھارتی میٹنگوں کو کسانوں سے بہتر ردعمل حاصل ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ ضلع کے 318 ریونیو دیہات میں منعقدہ ریونیو کانفرنسوں میں 14,360 درخواستیں موصول ہوئیں۔

Drugs

راجنا سرسلہ کے ایس پی مہیش بی گیتے نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ چرس اور منشیات کو کنٹرول کرنے میں کلیدی کردار ادا کریں۔ یہ کہتے ہوئے کہ ان کا کسی بھی حال میں استعمال نہیں ہونا چاچاہئے۔انہوں نے نشہ مکت بھارت ابھیان پروگرام کے تحت محکمہ پولیس کی جانب سے منعقدہ شعور بیداری سمینار میں شرکت کی۔انہوں نے متنبہ کیا کہ منشیات کے خاتمے میں سب کو تعاون کرنا چاہئے اور اگر ان کی کاشت، نقل وحمل، استعمال یا فروخت کی گئی تو قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔

Indiramma Houses

ریاستی وزیر امکنہ ، ہاؤزنگ، اطلاعات وشہری امور پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ ریاست میں اگلے ساڑھے تین برسوں میں 20 لاکھ مکانات تعمیر کر کے استفادہ کنندگان کے حوالے کئے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ بھو بھارتی سے متعلق موصول ہونے والی تمام درخواستوں کو 15 اگست تک حل کرلیا جائے گا اور کسانوں کو فائدہ پہنچے گا۔انہوں نے انکشاف کیا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے روبہ عمل لائے جانے والے اندراماں مکانات کی تعمیر کے منصوبے کے تحت ریاست بھر میں پہلے مرحلہ میں ہر حلقہ میں 3,500 مکانات تعمیر کئے جارہے ہیں۔ریاستی

وزیر نے ضلع کلکٹروں کو ہدایت دی کہ اس اسکیم کے تحت مستحقین کے انتخاب کو شفاف بنایا جائے، جس کا مقصد ہر غریب کے لئے اپنے گھر کی ضرورت کو پورا کرنا ہے۔ قانون ساز کونسل کے چیرمین گتہ سکھیند رریڈی نے کہا کہ دھرانی کی جگہ بھو بھارتی کو موثر طریقہ سے نافذ کرنے کا سہرا کانگریس حکومت کو جاتا ہے۔ ریاستی وزیر نے قانون ساز کونسل کے چیرمین گتہ سکھیند رریڈی اور ایم ایل اے ویمولا ویریشم کے ساتھ نلگنڈہ ضلع کے نکریکل میں منعقدہ اندراماں مکانات کے استفادہ کنندگان کو گرانٹ دستاویزات کی تقسیم میں حصہ لیا۔

Harish Rao

سابق وزیر اور بی آر ایس ایم ایل اے ہریش راؤ نے کہا کہ ریاست میں دیہاتوں اور پنچایت سکریٹریوں کی حالت افسوسناک ہوچکی ہے، اور تلنگانہ کے دیہات گرام پنچایتوں، عوامی نمائندوں کو دیے گئے فنڈز اور ان کی حکومت کے دور میں پنچایت سکریٹریوں کی کارکردگی کی وجہ سے ملک کے لئے ایک ماڈل بن گئے ہیں۔ انہوں نے ان مسائل پر پنچایت راج کے وزیر سیتا اکا کو مکتوب لکھا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت کے دور میں فنڈس کی کمی کی وجہ سے پنچایت سکریٹریز اپنے ہی فنڈس خرچ کررہے ہیں اور بلوں کی عدم ادائیگی پر پریشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سابق سرپنچوں کے بل بھی زیر التوا ہیں۔ انہوں نے بلدیاتی اداروں کا نوٹیفکیشن آتے ہی ان کی اجرائی کا مطالبہ کیا۔ بلوں کی آمد میں مزید تاخیر کا امکان ہے۔ اس سلسلہ میں ہریش راؤ نے اپنے مکتوب میں چھ مطالبات کا ذکر کیا ہے۔

Eatala Rajendar

بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر نے الزام لگایا کہ کئی شہریوں کی قربانیوں کی وجہ سے تلنگانہ ریاست حاصل ہوئی ہے اور چیف منسٹر ریونت ریڈی تلنگانہ عوام کے عزت نفس کو دھکہ پہنچانے جیسا رویہ اختیار کئے ہوئے ہیں۔ ایٹلا راجندر سکندرآباد میں وکست بھارت سنکلپ سبھا سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی ملک کو سبھی شعبوں میں ترقی فراہم کی ہے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ مودی حکومت نے گزشتہ 11 سالوں میں تلنگانہ کو 11 لاکھ کروڑ دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت تلنگانہ ریاست کی ترقی میں اہم رول ادا کررہی ہے۔انہوں نے سکندرآباد میں ایم پی ایٹلا راجندر کے زیراہتمام منعقدہ وکست بھارت سنکلپ سبھا سے خطاب کیا۔

☆☆☆